علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: بی۔اے	سمسٹر: بہار 2009ء
پرچہ: ابلاغ عامہ (452)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر۔1	درست الفاظ کا چناؤ کر کے خالی جگہ پُر کریں۔ ۱۔ اشارات، الفاظ، تصاویر اور گرافکس کے ذریعے اطلاعات، خیالات اور جذبات کا انتقال ۔۔۔۔ کہلاتے ہیں۔ (ابلاغ۔ابلاغ عامہ۔صحافت) ۲۔ منفی بنیادوں پر استوار ہونے والا ابلاغ ۔۔۔۔ کی صورت اختیار کرتا ہے۔ (پروپیگنڈہ۔افواہ۔جھوٹ) ۳۔ دو افراد کا ایک دوسرے کے نقطہ نظر کو سمجھ لینا ۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔ (فیڈ بیک۔مفاہمت۔ابلاغ) ۴۔ ابلاغ کے بنیادی وظائف ۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔ (دو۔تین۔چار) ۵۔ پیغام جتنا زیادہ ۔۔۔۔۔۔ ہوگا اتنا زیادہ مؤثر ہوگا۔ (ناشر مزاج۔سامع مزاج۔وسیلہ مزاج) ۶۔ برصغیر پاک و ہند میں مطبوعہ صحافت کا آغاز ۔۔۔۔ صدی میں ہوا۔ (اٹھارویں۔انیسویں۔بیسویں) ۷۔ قیام پاکستان کے وقت یہاں کل ۔۔۔۔۔۔۔ ریڈیو سٹیشن تھے۔ (دو۔تین۔چار) ۸۔ برصغیر میں طباعت کے بانی ۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔ (انگریز۔مغل۔پرتگیزی) ۹۔ برصغیر میں پہلا تھیٹر ۔۔۔۔۔۔۔ میں قائم ہوا۔ (مدراس۔بمبئی۔دہلی) ۱۰۔ یورپ کا پہلا اخبار ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں جرمنی سے شائع ہوا۔ (1709 - 1609 - 1509)	(20)
سوال نمبر۔2	ابلاغ کی تعریف کریں نیز ابلاغ کے بنیادی وظائف بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔3	ابلاغی عمل میں شامل عناصر کی تشریح کریں۔	(20)
سوال نمبر۔4	ابلاغی رکاوٹ سے کیا مراد ہے نیز ابلاغ کی نفسیاتی رکاوٹوں پر بحث کریں۔	(20)
سوال نمبر۔5	ابلاغ عامہ کے ذریعہ کی حیثیت سے قومی زندگی میں ٹیلی ویژن کے کردار پر روشنی ڈالیں۔	(20)
سوال نمبر۔6	ابلاغ عامہ کے لیے استعمال ہونے والے اسلوب زبان کی خصوصیات بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔7	ابلاغی ماڈل کی تعریف کریں نیز دو قدمی اور کثیر القدمی ماڈل کی وضاحت کریں۔	(20)
سوال نمبر۔8	تحقیق کی تعریف کریں نیز تحقیق کے آلات پر نوٹ لکھیں۔	(20)

****